F.6-4 (Edit)/2020 NCPUL Press Release

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:25/03/2021

ہر زبان کا اپنا لٹریچر اور مزاج ہے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی کونسل کے صدر دفتر میں لسانیات اور سماجی لسانیات پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: اردو ایک ایسی زبان ہے جس نے ہندوستان کی مختلف زبانوں کے اثرات قبول کیے ہیں اور ان پر اپنے اثرات بھی ڈالے ہیں۔ان زبانوں کے باہمی رشتے ایک دوسرے کو مضبوط بناتے ہیں۔ ہر زبان کا اپنا لٹریچر ہے اور اپنا مزاج بھی۔ضرورت اس بات کی ہے کہ مختلف زبانوں کی اہم کتابوں کے وسیع پیمانے پر ترجمے کیے جائیں۔تاکہ ہندوستان کی ہر زبان کے دائرۂ ادب میں وسعت پیدا ہو اور ایک دوسرے سے لین دین کے عمل اور استفادے کی رفتار میں تیزی آئے۔ان خیالات کا اظہار قومی کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ لسانیات اور سماجی لسانیات پینل کی میٹنگ میں کیا۔انھوں نے کہا کہ قومی اردو کونسل کے مذکورہ پینل کے تحت ہندوستان کی مختلف زبانوں کے حوالے سے کام ہو رہا ہے، اس پینل کے تحت متعدد پروجیکٹس کو منظوری دی گئی ہے اور کئی اہم کتابیں اشاعت کے مرحلے میں ہیں۔

پروفیسر اودیش کمار مشرا نے کہا کہ علاقائی ادب پر قومی اردو کونسل جو کام کر رہی ہے، وہ قابل تحسین ہے۔اس کے ذریعے دیگر علاقائی زبانوں کو ایک دوسرے سے جوڑا جا سکتا ہے۔ پروفیسر اشرف نے پنجابی کے لٹریچر کا اردو میں ترجمہ کرانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اردو اور پنجابی کا رشتہ بہت قریبی اور گہرا ہے۔اس رشتے کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔

لسانیات اور سماجی لسانیات کے پینل کی میٹنگ میں 16 پروجیکٹس پر غور وخوض کیا گیا۔جن میں ادبی اصطلاحات، وضاحتی فرہنگ اور اردو کے علاقائی روپ اہمیت کے حامل ہیں۔ کئی اہم ڈکشنری پر کام کا فیصلہ بھی لیا گیا ہے جیسے تیلگو اردو ڈکشنری، اردو، ملیالم ڈکشنری، اردو کشمیری ڈکشنری وغیرہ۔اردو مراٹھی ڈکشنری پر کام کے لیے ماہرین کی ایک ٹیم تشکیل دی گئی، جلد ہی اس پر ورکشاپ بھی منعقد کی جائے گی۔اس کے علاوہ کشمیر کے اہم علاقائی ادب اور کہانیوں (فوک لٹریچر) کا کشمیری سے اردو زبان میں ترجمہ کرانے کو منظوری دی گئی۔علاوہ ازیں علاقائی زبانوں جیسے پنجاب، بنگال، آسام، اڑیسہ پر کتابیں تیار کرانے کے سلسلے میں بھی بات کی گئی۔

میٹنگ میں پروفیسر ابوذ عثمانی، پروفیسر اے آر فتیحی، پروفیسر اعجاز محمد شیخ، نظیر احمد، پروفیسر محمد اشرف کے علاوہ قومی اردو کونسل سے وابستہ ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر)، فیروز عالم (ایجوکیشن آفیسر)، محمد شہاب الدین قاسمی (ریسرچ اسسٹنٹ) نے شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)